بینک دولت پاکستان

شعبہ ملکی بازار و زری انتظام

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

**ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 4 برائے 2025ء** 5 مئی 2025ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام کمرشل بینک / پرائمری ڈیلرز

محترم / محترمہ،

## <u>ایس بی پی پالیسی ریٹ اور شبینہ ریپو / معکوس ریپو سہولتیں</u>

براہِ کرم ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 1 برائے 27 جنوری 2025ء کو ملاحظہ کیجیے، اِس سرکلر کے حوالے سے ذیل میں درج تبدیلیاں کی جاتی ہیں۔

1. اسٹیٹ بینک نے 'پالیسی ریٹ' (ہدفی شرح) 12 فیصد سے کم کر کے 11 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔
2. اسٹیٹ بینک کا شبینہ معکوس ریپو (زیادہ سے زیادہ) ریٹ 12 فیصد ہو گا، یعنی ایس بی پی پالیسی ریٹ سے 100 بی پی ایس زائد۔
3. اسٹیٹ بینک کا شبینہ ریپو (کم سے کم) ریٹ 10 فیصد ہو گا، یعنی ایس بی پی پالیسی ریٹ سے 100 بی پی ایس کم۔
4. چنانچہ، شرح سود کوریڈور میں کم از کم اور زیادہ سے زیادہ سطح بالترتیب 10 فیصد اور 12 فیصد سالانہ ہے (یعنی 200 بی پی ایس کی گنجائش)۔

اسٹیٹ بینک اس بات کو یقینی بناتا رہے گا کہ منی مارکیٹ شبینہ ریٹ اسٹیٹ بینک کے پالیسی ریٹ (ہدفی شرح) کے قریب رہے۔

درج بالا تبدیلیاں 6 مئی 2025ء سے نافذ العمل ہیں۔ تاہم اس ضمن میں دیگر ہدایات برقرار ہیں۔

آپ کا مخلص

(ڈاکٹر محمود الحسن)

ڈائریکٹر